دفتر صوبائی الیکشن کمشنر، پنجاب

10۔ کورٹ سٹریٹ، لاہور

# پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں ضمنی انتخابات، قومی اسمبلی حلقہ NA-75 سیالکوٹ میں الیکشن کمیشن کی طرف سے ڈی ایس پی ڈسکہ کو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر نوٹس جاری

لاہور 6 فروری 2021ء

صوبہ پنجاب میں ضمنی انتخابات کی انتخابی مہم کے دوران قومی اسمبلی حلقہ NA-75 سیالکوٹ میں الیکشن کمیشن نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا سختی سے نوٹس لیا۔ تفصیلات کے مطابق مذکورہ حلقہ میں ڈی ایس پی ڈسکہ کے خلاف الیکشن کمیشن کو ضمنی انتخابات پر اثر انداز ہونے کے حوالے سے عوام الناس اور امیدواران کی طرف سے متعدد شکایات موصول ہوئیں۔ ان الزامات کی تصدیق کرنے کے بعد چند روز قبل الیکشن کمیشن کی طرف سے آئی جی پنجاب کو متعلقہ ڈی ایس پی کو عہدے سے ہٹا کر غیر جانبدار افسر کی تعیناتی کے احکامات جاری کئے گئے، لیکن تا حال کوئی ایکشن نہیں لیا گیا۔ چنانچہ آج الیکشن کمیشن کی طرف سے ڈی ایس پی ڈسکہ کو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا نوٹس جاری کیا گیا، اور بروز پیر، 8 فروری کو الیکشن کمیشن کے سامنے حاضر ہونے کا حکم جاری کیا گیا ہے۔

*************